بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نعت شریف

(حافظ زاہد حسین سعید)

دو عالم کے ہادی ، رسولِ حجازی ﷺ
فدا تجھ پہ ہر لمحہ قلبی و روحی
جہاں بھر کی دانش نگوں جس کے آگے
جہاں میں نہ دیکھا کوئی ایسا اُمّی
یہاں کی ہدایت ، وہاں کی شفاعت
تجھی سے سعادت ، یہاں بھی وہاں بھی
تہی دست ہوں پر ، ہے تجھ ہی سے نسبت
یہی دو جہاں میں مِری کامیابی
غلاموں کو دیتی ہے شانِ ملوکی
کہ حُرّیتِ دل ہے تیری غلامی
ترا نقش پا آدمیت کی معراج
مِری بالا دستی ، تری زیر دستی
ترے دَم سے محفل میں قد میرا اونچا
تجھی سے ہے دنیا میں پہچان میری
ثنائے محمد ﷺ کا اعجاز ہے یہ
سراپا زبان ہو گئی بے نوائی